پروگرام کے آخر میں حافظ محمد زبیر عمر اور ان کے رفقاء نے شرکاء کی ضیافت کا اہتمام کیا۔ اس پروگرام میں جہلم سے انجمن اہل حدیث کے سیکرٹری جناب صدیق احمد یوسفی اور ناظم مالیات جناب سیٹھی محمد ارشد کے علاوہ دینہ، ڈھوک صوبیدار، ڈومیلی، بڑا گواہ، گوجر خان، سوہاوہ اور گردونواح سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

جامع مسجد اللہ اہل حدیث پوران میں شانِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس

مورخہ 13 دسمبر بروز منگل بعد از نماز عشاء جامع مسجد اللہ اہل حدیث پوران میں فقید المثال شانِ مصطفیٰ ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز حافظ عبید اللہ بن میاں محمد الیاس آف کھوہار کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ نے سرانجام دیئے۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کے بیرون ملک ہونے کی وجہ سے صدارتی خطبہ نائب مدیر الجامعہ حافظ عبدالغفور مدنی نے ارشاد فرمایا۔ کانفرنس سے حافظ محمد فہد ناظم اعلیٰ مرکزیہ منڈی بہاؤ الدین، مولانا نوید احمد بشار مدرس جامعہ علوم اثریہ اور مناظر اسلام حضرت مولانا محمد نواز چیمہ خطیب لاہور نے خطاب کیا۔ اس کانفرنس میں پوران اور گردونواح سے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔

جامع مسجد نور اہل حدیث نور محلّہ دینہ میں مقامِ مصطفیٰ ﷺ جلسہ

مورخہ 15 دسمبر بروز جمعرات بعد نماز ظہر جامع مسجد نور اہل حدیث دینہ میں عظیم الشان جلسہ مقامِ مصطفیٰ ﷺ کے مقدس موضوع پر منعقد ہوا۔ جلسہ کا آغاز تلاوت قرآن مجید سے ہوا، اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری محمد اسحٰق امام مسجد ہذا نے سرانجام دیئے۔ جلسہ سے معروف عالم دین حضرت مولانا محمد یوسف پسروری نے مفصل خطاب کیا۔ نماز عصر کے بعد شرکاء کی پُرتکلف ضیافت کی گئی۔

وفیات

عمران ناز (قصبہ کریالی سرائے عالمگیر) کو صدمہ

مورخہ یکم نومبر بروز منگل نوفل ناز وزین ناز کے والد امین ناز صدر کسان بورڈ سرائے عالمگیر قصبہ کریالی میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد ابوبکرؓ اہل حدیث قصبہ کریالی کے نمازی، نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

چوہدری عبدالکلام (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 12 نومبر بروز ہفتہ چوہدری عبدالکلام کے بھائی حاجی محمد سلیم مختصر علالت کے بعد حاجی آئمہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث حاجی آئمہ کے مستقل نمازی اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد عمران (سعیلہ کینٹ) کو صدمہ

مورخہ 14 نومبر بروز سوموار جامع مسجد مدنی اہل حدیث سعیلہ کینٹ کے نمازی محمد عمران کی نانی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

رانا محمد اسلم (لالہ زار کالونی) کو صدمہ

مورخہ 4 دسمبر بروز اتوار جامع مسجد سلطان اہل حدیث کے مستقل نمازی رانا محمد اسلم کی زوجہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور صالحہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا سیف اللہ شیخ الحدیث جامعہ علوم اثریہ نے پڑھائی۔

عبداللہ، عبیداللہ، اسداللہ و محمد اجمل (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 24 دسمبر بروز ہفتہ عبداللہ، عبیداللہ و اسد اللہ کے والد اور محمد اجمل کے بھائی حاجی محمد طارق کوٹلہ آئمہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون. مرحوم جامع مسجد اہل حدیث کوٹلہ آئمہ کے مستقل نمازی، انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)